کوئٹہ (اے این این) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمن خان ملاخیل سے عید کے موقع پر مختلف وفود نے ملاقات کی اور انہیں عید کی مبارکباد دی اس موقع پر وفود نے صوبائی مشیر کو اپنے حلقوں کے مسائل سے آگاہ کیا۔ علاقے کی مجموعی صورتحال، عوامی مسائل اور ترقیاتی منصوبوں سے متعلق امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ صوبائی مشیر نسیم الرحمن خان ملاخیل نے وفود کے نمائندوں کو یقین دلایا کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطے کے ذریعے مسائل کے فوری اور موثر حل کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ علاقے کی ترقی اور عوامی فلاح ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں اور حکومت کی پالیسی کے مطابق ترقیاتی کاموں کا جال بچھایا جا رہا ہے تاکہ تمام بنیادی سہولیات عوام کی دہلیز تک پہنچ سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سڑکوں، نکاسی آب، ماحولیات کے تحفظ اور دیگر عوامی منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ علاقے کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبائی حکومت بھرپور اقدامات کر رہی ہے تاکہ عوام کو ان کے بنیادی حقوق ان کی دہلیز پر میسر ہوں اور ان کا معیار زندگی بہتر ہو سکے۔ وفود نے مشیر ماحولیات کی عوامی مسائل میں دلچسپی اور علاقے کی ترقی و عوام کی خوشحالی کے لئے اٹھائے گئے اقدامات کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کی قیادت میں علاقے میں مزید مثبت تبدیلیاں رونما ہوں گی۔

## دہشتگرد امن وخوشحالی کے سفر کو سبوتاژ نہیں کر سکتے، بخت کاکڑ

سیکورٹی فورسز کے کامیاب آپریشنز پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری کا مظہر ہیں

سیکورٹی فورسز و قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل تعاون جاری رہے گا، صوبائی وزیر

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے صوبے کے مختلف اضلاع میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کے خلاف کامیاب آپریشنز سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری کا مظہر ہیں دہشت گرد عناصر بلوچستان کے امن، ترقی اور خوشحالی کے سفر کو سبوتاژ نہیں کر سکتے یہ بات انہوں نے بیان جاری کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن وامان کے قیام کیلئے سیکیورٹی ......... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل تعاون جاری رہے گا ریاست دشمن عناصر، ان کے سہولت کاروں اور بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد نیٹ ورکس کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک حکومت اور سیکیورٹی ادارے بھرپور عزم کے ساتھ اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے عوام کے جان و مال کا تحفظ اور پائیدار امن کا قیام اولین ترجیح ہے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں حصہ لینے والے افسران اور جوان پوری قوم کا فخر ہیں۔

QUDRAT QUETTA

## پسماندہ علاقوں کی ترقی کیلئے حکومت پرعزم ہے، احسن اقبال

وفاقی ترقیاتی پروگرام میں بلوچستان کے لیے 100 ارب اور این 25-شاہراہ کے لیے 125 ارب روپے کا بڑا پیکج مختص

مالیاتی وسائل کی شدید کمی کے باوجود وزیراعظم کی ہدایات پر بلوچستان اور پسماندہ اضلاع کو ترجیح دی ہے، احسن اقبال

اسلام آباد، کوئٹہ (یو این اے) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے سالانہ پلان کوآرڈینیشن کمیٹی (APCC) کے اہم اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے بلوچستان سمیت پسماندہ علاقوں کے لیے بڑے ترقیاتی فنڈز کا اعلان کیا ہے انہوں نے بتایا بقیہ 7 صفحہ 6 پر

کے باعث بجلی کی طویل بندش پر وفد نے ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی سے ملاقات کی۔ وفد کی قیادت جمعہ خان شکرانی کر رہے تھے۔ وفد میں غلام مصطفیٰ شاہوانی، پروفیسر حسن جاموٹ، غلام یاسین بجک اور علاقے کے دیگر معززین شامل تھے۔ ملاقات میں وفد نے بتایا کہ کرخ کی مین ٹرانسمیشن لائنز کٹ گئی ہیں جس کی وجہ سے پورا علاقہ اندھیرے میں ڈوبا ہوا ہے۔ بجلی کی بندش سے کاروبار ٹھپ، طلبہ کی تعلیم متاثر اور گھریلو صارفین شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ وفد نے ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا کہ واپڈا اور کیسکو حکام سے فوری بات چیت کی جائے اور مین ٹرانسمیشن لائنز کی مرمت کر کے کرخ کی بجلی بحال کرائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی نے وفد کے مسائل سن کر یقین دہانی کرائی کہ کیسکو حکام سے رابطہ کر کے بجلی سے متعلق مسائل حل کرنے کی کوشش کی جائیگی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 03 JUN 2026 Page No. 15


## سرکاری افسران کو عوام کی خدمت کو فرض سمجھنا چاہئے، چیف سیکرٹری

**شکیل قادر کی زیر صدارت کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس، ترقیاتی منصوبوں و دیگر امور پر غور**

2 لاکھ 81 ہزار بچوں کا داخلہ کروایا، 100 فیصد اراضی کی پوست کی کاشت تلف ہو چکی، بریفنگ

کوئٹہ (ٹی این) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ سرکاری افسران کا عوام کی خدمت کو اپنا فرض سمجھنا ایک بہترین اور قابل تحسین سوچ ہے۔ یہ جذبہ نہ صرف معاشرے کی فلاح و بہبود اور ترقی کی بنیاد ہے بلکہ اس سے لوگوں کی مشکلات کم ہوتی ہیں اور حکومت اور عوام کے درمیان باہمی اعتماد و خلوص کی فضا قائم ہوتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں پی ایس ڈی پی کے ترقیاتی منصوبوں، سکول بچوں کی داخلہ مہم اچھی کارکردگی دکھانے والوں، عوام کے معیار زندگی کی بہتری، منصوبوں کی نگرانی، غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی سمیت اہم امور کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی سید فیصل احمد، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات، سیکرٹری سکولز افضل جان جعفر، سیکرٹری صحت مجیب الرحمن، سیکرٹری انڈسٹریز خالد سرپرہ، سیکرٹری فنانس جہانگیر کاکڑ جبکہ کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری نے آؤٹ آف سکول بچوں کی داخلہ مہم کو کامیاب بنانے پر ڈپٹی کمشنر ژوب، لورالائی، سبی، شیرانی، لسبیلہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اچھی کارکردگی دکھانے والے ڈپٹی کمشنرز کو تعارفی سند دیئے جائیں گے۔ داخلہ مہم میں رواں سال 2 لاکھ 81 ہزار بچوں کا داخلہ کروایا گیا تھا۔ مانیٹرنگ اور ایویلوایشن سیکشن نے 3020 ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا جن میں سے 2380 منصوبے مکمل کئے گئے اور باقی ماندہ منصوبے بھی جلد مکمل کئے جائیں گے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پی ایس ڈی پی کے پہلے مرحلے 908 منصوبوں میں سے 703 منصوبے مکمل ہوئے جبکہ دوسرے مرحلے میں 1200 منصوبوں میں سے 206 ترقیاتی منصوبے مکمل ہو چکے ہیں جبکہ باقی پر تیز رفتاری سے کام جاری ہے۔ چیف سیکرٹری نے فنڈز کی بروقت ادائیگی کی ہدایت بھی دی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ 100 فیصد اراضی کی پوست کی کاشت تلف ہو چکی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## افسران سرکاری نوکری کو نامہ پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنائیں، چیف سیکرٹری

سرکاری افسران کا عوام کی خدمت کو فرض سمجھنا قابل تحسین ہے، معاشرہ ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا اور لوگوں کی مشکلات کم ہونگی

**ابتدائی تعلیم اور صحت سے متعلق عوام کی شکایات پر کارروائی عمل میں لائی جائے، شکیل قادر کا انتظامی افسران کے اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (آن لائن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ سرکاری افسران کا عوام کی خدمت کو اپنا فرض سمجھنا بہترین اور قابل تحسین عمل ہے۔ یہ جذبہ نہ صرف معاشرے کی فلاح و بہبود اور ترقی کی بنیاد ہے، بلکہ اس سے لوگوں کی مشکلات کم ہوتی ہیں اور حکومت اور عوام کے درمیان باہمی اعتماد و خلوص کی فضا قائم ہوتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں پی ایس ڈی پی کے ترقیاتی منصوبوں، سکول بچوں کی داخلہ مہم اچھی کارکردگی دکھانے والوں، عوام کے معیار زندگی کی بہتری، منصوبوں کی نگرانی، غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی سمیت اہم امور کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی سید فیصل احمد، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات، سیکرٹری سکولز افضل جان جعفر، سیکرٹری صحت مجیب الرحمن، سیکرٹری انڈسٹریز خالد سرپرہ، سیکرٹری فنانس جہانگیر کاکڑ جبکہ کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 03 JUN 2026 Page No. 15

## سرکاری افسران کو عوام کی خدمت کو فرض سمجھنا چاہئے، چیف سیکرٹری

**شکیل قادر کی زیر صدارت کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس، ترقیاتی منصوبوں و دیگر امور پر غور**

2 لاکھ 81 ہزار بچوں کا داخلہ کروا دیا، 100 فیصد اراضی کی پوست کی کاشت تلف ہوچکی، بریفنگ

کوئٹہ (ر ل ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ سرکاری افسران کا عوام کی خدمت کو اپنا فرض سمجھنا ایک بہترین اور قابل تحسین سوچ ہے۔ یہ جذبہ نہ صرف معاشرے کی فلاح و بہبود اور ترقی کی بنیاد ہے بلکہ اس سے لوگوں کی مشکلات کم ہوتی ہیں اور حکومت اور عوام کے درمیان باہمی اعتماد و خلوص کی فضا قائم ہوتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں پی ایس ڈی پی کے ترقیاتی منصوبوں، سکول بچوں کی داخلہ مہم اچھی کارکردگی دکھانے والوں، عوام کے معیار زندگی کی بہتری، منصوبوں کی نگرانی، غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی سمیت اہم امور کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی سید فیصل احمد، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات، سیکرٹری سکولز لعل جان جعفر، سیکرٹری صحت مجیب الرحمن، سیکرٹری انڈسٹریز خالد سرپرہ، سیکرٹری فنانس جہانگیر کاکڑ جبکہ کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری نے آؤٹ آف سکول بچوں کی داخلہ مہم کو کامیاب بنانے پر ڈپٹی کمشنر حب، لورالائی، سبی، شیرانی، لسبیلہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اچھی کارکردگی دکھانے والے ڈپٹی کمشنرز کو تعارفی سند دیئے جائیں گے۔ داخلہ مہم میں رواں سال 2 لاکھ 81 ہزار بچوں کا داخلہ کروایا گیا تھا۔ مانیٹرنگ اور ایویلیوایشن سیکشن نے 3020 ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا جن میں سے 2380 منصوبے مکمل کئے گئے اور باقی ماندہ منصوبے بھی جلد مکمل کئے جائیں گے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پی ایس ڈی پی کے پہلے مرحلے 908 منصوبوں میں سے 703 منصوبے مکمل ہوئے جبکہ دوسرے مرحلے میں 1200 منصوبوں میں سے 206 ترقیاتی منصوبے مکمل ہوچکے ہیں جبکہ باقی پر تیز رفتاری سے کام جاری ہے۔ چیف سیکرٹری نے فنڈز کی بروقت ادائیگی کی ہدایت بھی دی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ 100 فیصد اراضی کی پوست کی کاشت تلف ہوچکی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## افسران سرکاری نرخنامہ پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنائیں، چیف سیکرٹری

سرکاری افسران کا عوام کی خدمت کو فرض سمجھنا قابل تحسین ہے، معاشرہ ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا اور لوگوں کی مشکلات کم ہونگی

**نی تعلیم اور صحت سے متعلق عوام کی شکایات پر کارروائی عمل میں لائی جائے، شکیل قادر کا انتظامی افسران کے اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (آن لائن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ سرکاری افسران کا عوام کی خدمت کو اپنا فرض سمجھنا بہترین اور قابل تحسین عمل ہے۔ یہ جذبہ نہ صرف معاشرے کی فلاح و بہبود اور ترقی کی بنیاد ہے، بلکہ اس سے لوگوں کی مشکلات کم ہوتی ہیں اور حکومت اور عوام کے درمیان باہمی اعتماد و خلوص کی فضا قائم ہوتی ہے۔ ان خیالات کا انہوں نے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں پی ایس ڈی پی کے ترقیاتی منصوبوں، سکول بچوں کی داخلہ مہم اچھی کارکردگی دکھانے والوں، عوام کے معیار زندگی کی بہتری، منصوبوں کی نگرانی، غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی سمیت اہم امور کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی سید فیصل احمد، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات، سیکرٹری سکولز لعل جان جعفر، سیکرٹری صحت مجیب الرحمن، سیکرٹری انڈسٹریز خالد سرپرہ، سیکرٹری فنانس جہانگیر کاکڑ جبکہ کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 03 JUN 2026 Page No. 17


## بلوچستان سرمایہ کاری کے لیے انتہائی موزوں خطہ ہے، چینی سفیر

### پاک چین اقتصادی وتجارتی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کی ضرورت ہے، کوئٹہ چیمبر کے صدر سے گفتگو

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) عوامی جمہوریہ چین کے سفارتخانے میں منسٹر قونصلر مسٹر یانگ گوانگ یوان نے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے مواقع میں گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان قدرتی وسائل، معدنیات اور جغرافیائی اہمیت کے باعث سرمایہ کاری کے لیے انتہائی موزوں خطہ ہے۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی اور ساؤتھ ایشیا سینٹر فار ریجنل ریسرچ اسلام آباد کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر فضل الرحمن سے ملاقات کے دوران کہی۔ ملاقات میں بلوچستان میں سرمایہ کاری، تجارت اور کاروباری مواقع کے فروغ، چینی سرمایہ کاروں اور مقامی کاروباری برادری کے درمیان روابط بڑھانے اور مشترکہ منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ مسٹر یانگ گوانگ یوان نے معدنیات اور کان کنی کے شعبے میں چینی کمپنیوں کی دلچسپی کا ذکر کرتے ہوئے بزنس ٹو بزنس روابط کے فروغ اور ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر محمد ایوب مریانی نے چینی منسٹر قونصلر کو کوئٹہ چیمبر کے دورے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ ایسے دورے سرمایہ کاری اور تجارتی تعلقات کے فروغ میں معاون ثابت ہوں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 03 JUN 2026 Page No. 19


## بلوچستان کے نام پر علیحدگی پسند سیاست کی اجازت نہیں، نوابزادہ جمال رئیسانی

والدین بچوں کو دہشتگردوں کے ہاتھوں تباہ ہونے سے بچانے کیلئے سوشل میڈیا کے ذریعے بی وائی سی و کالعدم تنظیموں سے دور رکھیں

تعلیم یافتہ نوجوانوں اور خواتین کو سوشل میڈیا پر ٹرینڈ چلا کر پہاڑوں کی جانب راغب کیا جارہا ہے، ایم این اے کی مشترکہ پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی نے والدین سے اپیل کی ہے کہ اپنے بچوں کے مستقبل کو دہشتگردوں کے ہاتھوں تباہ ہونے سے بچانے کے لیے سوشل میڈیا کے ذریعے بی وائی سی اور کالعدم تنظیموں کی دسترس سے دور رکھیں۔ کالعدم تنظیمیں اور بی وائی سی......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

نوجوان نسل کو سوشل میڈیا پر ٹرینڈ چلا کر پہاڑوں کی جانب راغب کررہے ہیں جس میں اب خواتین کو بھی شامل کیا گیا ہے جو ہم سب کے لئے تشویشناک ہے۔ اور ہم بلوچستان کے نام پر علیحدگی پسند سیاست کی اجازت نہیں دیں گے۔ کیونکہ یہ پاکستان کے خلاف خاموش جنگ ہے جس کو ہم سب نے ملکر روکنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر صوبائی وزراء حاجی علی مدد جتک، میر عاصم کرد گیلو اور میر فرید رئیسانی بھی موجود تھے۔ نوابزادہ جمال خان رئیسانی نے کہا کہ اس وقت کالعدم تنظیموں اور بی وائی سی کے ذریعے صوبے کے تعلیم یافتہ نوجوانوں اور خصوصاً خواتین کو سوشل میڈیا پر ٹرینڈ چلا کر ان کی ذہن سازی کرکے پہاڑوں کی جانب راغب کیا جارہا ہے


INTEKHAB QUETTA


## مائنز اینڈ منرلز ایکٹ وسائل کی لوٹ مار کا قانونی راستہ ہے، نوابزادہ لشکری رئیسانی

بلوچستان شدید بحرانی کیفیت کا شکار، عوام کا اعتماد موجودہ نظام سے اٹھ چکا ہے، پشین میں پریس کانفرنس

پشین (نمائندہ انتخاب) سینئر سیاستدان اور سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان آج ایک شدید بحرانی کیفیت سے گزر رہا ہے، عوام کا اعتماد موجودہ نظام سے اٹھ چکا ہے، فارم 47 کے ذریعے سیاسی عمل کو مسخ کیا گیا، مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کے ذریعے صوبے کے وسائل کی لوٹ مار کا راستہ ہموار کیا گیا، جبکہ بلوچستان کے مسائل کا حل لشکر کشی نہیں بلکہ سیاسی، سماجی اور پرامن عمل میں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشین میں صوبائی صدر استحکام پاکستان پارٹی بلوچستان بقیہ نمبر 2 صفحہ 5 پر

اور معروف قبائلی و سیاسی شخصیت ملک سعد اللہ جان ترین کی رہائش گاہ پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ فارم 47 کا راستہ انہیں بھی دکھایا گیا تھا مگر انہوں نے انتخابات کے دوسرے روز ہی اسے مسترد کردیا کیونکہ یہ سیاسی عمل نہیں تھا۔ فارم 47 کی پیداوار اسمبلی نے جعلی قانون سازی کی اور مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کے ذریعے بلوچستان کے وسائل کی لوٹ مار کے لیے قانونی راستہ بنایا گیا، جس کے خلاف وہ سیاسی اور قانونی سطح پر جدوجہد کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمومی طور پر پورے پاکستان میں اٹھارویں آئینی ترمیم سیاسی عمل کی پیداوار تھی، جس کے ذریعے وفاق اور صوبوں کے درمیان عمرانی معاہدہ طے پایا۔ ہم ایک قومی اکائی ہیں، محض ایک انتظامی صوبہ نہیں۔ مگر اس کے بعد چھبیسویں ترمیم، جنرل باجوہ کی ایکسٹینشن اور دیگر اقدامات سیاسی عمل نہیں بلکہ مفاد پرستی کی مثالیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ اسٹیبلشمنٹ کے سائے میں زندگی گزارتے ہیں اور فارم 47 کے ذریعے اسمبلیوں میں آتے ہیں، وہ میرے سیاسی حریف نہیں ہیں۔ میرا حریف صرف وہ شخص ہو سکتا ہے جو سیاسی عمل، نظریے، منشور اور عوامی جدوجہد کا نمائندہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ جب الیکشن کے نام پر ڈرامہ رچایا جاتا ہے تو سہولت کاروں کا ایک بہت بڑا ٹولہ سرینا ہوٹل میں اپنا سیاسی کشکول تھما کر اپنا فیصلہ لیتا ہے۔ ساتھ ساتھ بلوچستان کو لاوارثوں کی طرح بندر بانٹ کا شکار کردیا گیا ہے۔ پاکستان کے طول و عرض سے سیاسی یتیموں کو لا کر یہاں سیٹیں دی جاتی ہیں اور سیٹوں سے نوازا جاتا ہے۔ غیر پاکستانیوں کو بھی، چاہے ایران سے ہوں یا افغانستان سے، ایسے لوگ جن کا جرائم سے تعلق ہو، ان کو بھی لا کر بلوچستان کی اسمبلی پر مسلط کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں روزانہ لاشیں گر رہی ہیں، سڑکیں بند ہیں، جرائم پیشہ افراد دندناتے پھر رہے ہیں اور عوام عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ عوام کا اعتماد موجودہ نظام سے اٹھ چکا ہے اور جہاں عوام میں اعتماد ختم ہو جائے وہاں بغاوت کی کیفیت پیدا ہوتی ہے۔

## عوامی مسائل کے حل کیلئے موثر اقدامات کئے جائیں' ڈاکٹر عبدالمالک

رکن اسمبلی کی ڈی سی کیچ سے ملاقات، ترقیاتی منصوبوں، بجلی صورتحال و انتظامی امور پر تبادلہ خیال

تربت (ن ن) رکن اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس دوران ضلع کیچ کو درپیش مختلف عوامی مسائل، ترقیاتی منصوبوں، بجلی کی صورتحال اور انتظامی امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر تربت محمد حنیف کبزئی، ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال تربت ڈاکٹر عبدالوحید بلیدی، ڈاکٹر نور بلوچ، مشکور انور اور رجب یاسین بھی بقیہ نمبر 46 صفحہ 5 پر

موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ضلع کیچ میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں، عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں، صحت کے شعبے کو مزید بہتر بنانے اور بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ سمیت دیگر بنیادی مسائل کے حل کے لئے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ ڈاکٹر عبدالمالک نے عوامی مسائل کے فوری اور موثر حل کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت اور انتظامیہ کی اولین ترجیح ہونی چاہئے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر یاسر اقبال دشتی نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عوامی مشکلات کے ازالے اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے عزم کا اعادہ کیا۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 9 Dated: 03 JUN 2026 Page No. 20


## مستونگ، نوشکی، زہری، خضدار اور کیچ میں ٹارگٹڈ آپریشنز، 17 دہشتگرد ہلاک

بھاری تعداد اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد کا بڑا ذخیرہ اور تیار دیسی ساختہ دھماکہ خیز آلات قبضے میں لے لئے

آپریشن کا آغاز شٹل ٹرین پر خودکش حملے کے بعد کیا گیا، مارے جانیوالے سیکورٹی فورسز، پولیس اور شہریوں پر حملوں جیسے واقعات میں ملوث تھے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیکورٹی فورسز کا چمن پھاٹک شٹل ٹرین خودکش حملے کے بعد مستونگ، نوشکی، زہری، خضدار اور کیچ میں دہشت گردوں کے خلاف ٹارگٹڈ آپریشنز فائرنگ کے تبادلے میں فتنہ الہندوستان کے 17 دہشت گرد ہلاک کر دیے ٹھکانوں کو مسمار کر دیا جبکہ بھاری تعداد اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد کا بڑا ذخیرہ اور تیار دیسی ساختہ دھماکہ خیز آلات قبضے میں لے لیے مارے جانے والے دہشت گرد سیکورٹی فورسز، پولیس اور شہریوں پر حملوں قومی شاہراہوں پر ناکہ بندی کرنے ٹرانسپورٹ کو نذر آتش کرنے میں ملوث تھے۔۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق 24 مئی کو کوئٹہ کے علاقے چمن پھاٹک پر کینٹ سے مسافروں کو لے کر آنے والی شٹل ٹرین پر ہونے والے خودکش حملے کے بعد سیکورٹی فورسز نے صوبے کے اضلاع مستونگ، نوشکی، زہری، خضدار اور کیچ میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی موجودگی کے اطلاعات پر ٹارگٹڈ آپریشنز کیے اس دوران دہشت گردوں اور فورسز میں شدید فائرنگ کا تبادلے ہوا فورسز کی فائرنگ سے فتنہ الہندوستان کے 17 دہشت گرد ہلاک ہو گئے فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو مسمار کر کے بھاری تعداد اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد کا بڑا ذخیرہ اور تیار دیسی ساختہ دھماکہ خیز آلات قبضے میں لے لئے مارے جانے والے دہشت گرد سیکورٹی فورسز پولیس اور شہریوں پر حملوں قومی شاہراہوں پر ناکہ بندی کرنے ٹرانسپورٹ کو نذر آتش کرنے میں ملوث تھے آئی ایس پی آر کے مطابق 24 مئی 2026 کو ٹرین کے واقعے کے بعد، سیکورٹی فورسز نے صوبہ بلوچستان کے اضلاع مستونگ، نوشکی، زہری، خضدار اور کیچ میں انٹیلی جنس پر مبنی آپریشنز کا سلسلہ شروع کیا۔ ان کارروائیوں کے دوران، اپنے دستوں نے دہشت گردی کے متعدد ٹھکانوں کو موثر طریقے سے نشانہ بنایا۔ فائرنگ کے شدید اور شدید تبادلے کے بعد، ہندوستانی سرپرستی میں چلنے والے فتنہ الہندستان سے تعلق رکھنے والے سترہ دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا گیا ہے، جس سے ان علاقوں میں سرگرم دہشت گرد نیٹ ورکس کو بڑا دھچکا لگا ہے۔ مارے گئے ہندوستانی سپانسر دہشت گرد سے اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد کا بڑا ذخیرہ اور تیار دیسی ساختہ دھماکہ خیز آلات بھی برآمد ہوئے ہیں، جو علاقے میں متعدد دہشت گردانہ سرگرمیوں میں سرگرم رہے تھے۔


INTEKHAB QUETTA


## سوئی، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) سوئی میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو زخمی کر دیا۔ پولیس کے مطابق منگل کو سوئی بگٹی کالونی میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے قبائلی رہنما شاہ مور ہاہیانی بگٹی کے بیٹے کو زخمی کر دیا اور موقع سے فرار ہو گئے۔ پولیس نے زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا اور مقدمہ درج کر کے مزید کارروائی شروع کر دی۔

## حب، موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کے دو ملزمان زخمی حالت میں گرفتار

حب (آن لائن) حب پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کے دو ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ ایمونیشن اور واردات میں استعمال ہونے والی موٹر سائیکل برآمد کر لی۔ ایس ایس پی حب مرزا بلال حسن کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او حب میں بمعہ عملے کے نذر چورنگی کے قریب ایک غلام حسین کو زخمی حالت میں اپنی گاڑی میں پا کر ہسپتال منتقل کیا اور پولیس نے علاقے میں سرچ آپریشن


بقیہ نمبر 13 صفحہ 5 پر


## تربت، ڈکیتی میں ملوث ملزم زخمی حالت میں گرفتار، اسلحہ برآمد

تربت (نمائندہ انتخاب) پولیس نے ڈکیتی کے مبینہ ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا، پولیس ذرائع کے مطابق گاڑی سوار مسلح ڈاکوؤں نے ببسن کے علاقے میں نور محمد ولد محمد ہاشم کے گھر کی چار دیواری پھلانگ


بقیہ نمبر 11 صفحہ 5 پر


کر گھر میں داخل ہو کر اسلحے کے زور پر زیورات اور اسمارٹ فون لوٹ لیے، واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ایس ایچ او سی آئی اے تھانہ عبدالسلام اور ایس ایچ او سٹی تھانہ عبدالستار رخشانی کی قیادت میں مختلف مقامات پر ناکہ بندی کر دی اسی دوران آپسر، پنواں کہور کراس کے مقام پر ناکہ بندی کے دوران ایک مشتبہ گاڑی کو رکنے کا اشارہ کیا گیا، تاہم گاڑی سواروں نے رکنے کے بجائے پولیس پر فائرنگ کر دی۔ پولیس کی جوابی فائرنگ سے ایک ملزم زخمی ہو گیا جبکہ دیگر ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، پولیس نے زخمی مبینہ ملزم ہیرجان ولد خالد ساکن پھل آباد حب کو گرفتار کر کے گاڑی تحویل میں لے لی۔ پولیس کے مطابق گاڑی سے دو کلاشنکوف، ایک ہینڈ گرنیڈ، 6 عدد میگزین اور ایک لوٹا گیا سمارٹ فون برآمد کر لیے گئے ہیں۔

کے دوران ملزمان کا تعاقب کیا تو ملزمان نے پولیس پر فائرنگ کر دی جوابی کارروائی میں ملزمان محمد گل اور اشاک علی کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے ان کے قبضے سے دو پستول، ایک شاٹ گن، راؤنڈز اور واردات میں استعمال ہونے والی موٹر سائیکل قبضے میں لے لئے جبکہ ملزمان کے دو ساتھی امام اور ایاز موقع سے فرار ہو گئے جن کی گرفتاری کیلئے پولیس کارروائی کر رہی ہے۔

## تربت، گوما زی کراس سے نعش برآمد

تربت (نمائندہ انتخاب) گومازی کراس سے ایک نامعلوم شخص کی نعش برآمد، شناخت یاسر ولد ناصر لبنان مند کے نام سے کی گئی ہے، ذرائع کے مطابق گزشتہ روز مند سے لاپتہ ہونے والے یاسر ولد ناصر سکنہ ڈلے بازار لبنان مند لاش گومازی کراس سے برآمد ہوئی ہے جسے نامعلوم افراد اغوا کے بعد قتل کیا تھا پولیس نے لاش تحویل لیکر ضروری کارروائی بعد لواحقین کے حوالے کر دیا۔


MASHRIQ QUETTA


## پنجگور: نامعلوم افراد کی فائرنگ سے خاران کے 2 رہائشی زخمی

پنجگور (این این آئی) پنجگور حاجی یاسین مارکیٹ کے قریب نامعلوم گاڑی سواروں کی فائرنگ سے خاران کے رہائشی دو افراد زخمی پولیس کے مطابق زخمیوں کی شناخت علاؤالدین اور مقبول کے نام سے ہوئی ہے واقعہ کے بعد ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے اس سلسلے میں مزید تفتیش جاری ہے۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated 03 JUN 2026

Page No. 21


## کوئٹہ میں بیشتر پٹرول پمپس بند، اسکول وینز اور نجی گاڑیاں کھڑی ہوگئیں

ٹرانسپورٹ کی قلت، تعلیمی اداروں میں حاضری کم

بعض رجسٹرڈ پٹرول پمپس پر ہائی اوکٹین کے نام سے مہنگے داموں فروخت جاری، والدین کی بڑی تعداد اپنے بچوں کو اسکول بھیجنے سے قاصر

ڈپٹی کمشنر نے ہنگامی اجلاس طلب کرلیا، تمام پمپوں کو سپلائی جاری رکھنے کی ہدایت، تمام پٹرول پمپس کی مسلسل مانیٹرنگ شروع، ایمرجنسی کنٹرول روم قائم

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں بیشتر پاکستانی اور ایرانی پٹرول پمپس بند ہو جانے سے سیکڑوں اسکول وینز اور نجی گاڑیاں کھڑی ہو جانے سے سڑکوں پر ٹریفک اور تعلیمی اداروں میں حاضری کم ہوگئی۔ شہر بھر میں اکثر پٹرول پمپس بند ہیں اور اگر چند ایک کھلے بھی ہیں تو ان پر گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی لمبی قطاریں دیکھنے میں آرہی ہیں۔ صورتحال سے فائدہ اٹھاتے ہوئے شہر کے بعض رجسٹرڈ پٹرول پمپس بھی پٹرول کو ہائی اوکٹین کا نام دے کر شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ پٹرول بحران کی خبروں پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے نوٹس لیتے ہوئے کہا ہے کہ رجسٹرڈ پٹرول پمپس کی بندش برداشت نہیں کی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت میں ایندھن کی قلت پیدا ہوگئی ہے جبکہ جن پمپس سے سپلائی جاری ہے وہاں گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی لمبی قطاریں لگ گئی ہیں جبکہ دستیاب پٹرول بھی ہائی اوکٹین کے نام پر مہنگے داموں فروخت کیے جانے کی شکایات موصول ہو رہی ہیں۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ انتظامیہ کی خاموشی اور موثر کارروائی نہ ہونے کے باعث صورتحال مزید خراب ہوتی جا رہی ہے۔ ایندھن کی قلت سے روزمرہ زندگی متاثر ہو رہی ہے اور والدین کی بڑی تعداد اپنے بچوں کو سکول بھیجنے سے قاصر ہیں کیونکہ ٹرانسپورٹ اور نجی گاڑیوں کے لیے پٹرول دستیاب نہیں۔ عوامی و سماجی حلقوں نے حکومت اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ایرانی پٹرول کو پاکستانی پٹرول ظاہر کر کے فروخت کرنے والوں کے خلاف فوری کارروائی، بند پٹرول پمپ کھلوائے جائیں اور شہریوں کو بلاتعطل ایندھن کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ پیٹرول بحران کی خبروں پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کا سخت نوٹس، ہنگامی اجلاس طلب کرلیا تمام پمپوں کو سپلائی جاری رکھنے کی ہدایت اجلاس میں آئل کمپنیوں اور انتظامیہ کی شرکت، سپلائی صورتحال کا تفصیلی جائزہ، کسی بھی رجسٹرڈ پٹرول پمپ کی بندش برداشت نہیں کی جائے گی، سخت کارروائی کا عندیہ، شہر میں ایمرجنسی کنٹرول روم قائم، تمام پٹرول پمپس کی مسلسل مانیٹرنگ شروع شہری شکایات کیلئے کنٹرول روم نمبر 9202268 جاری کر دیا گیا مصنوعی بحران اور ذخیرہ اندوزی پر زیرو ٹالرنس پالیسی، ڈی سی کوئٹہ کی واضح ہدایت پر پٹرول پمپ کو 5 ہزار لیٹر تک سپلائی جاری، ضلعی انتظامیہ کی مسلسل نگرانی اسسٹنٹ کمشنرز کو فیلڈ میں موجود رہنے اور مکمل مانیٹرنگ کی ہدایت جاری۔


MASHRIQ QUETTA


## سریاب سے تاحال آلائشیں نہیں اٹھائی جا سکیں

آلائشوں اور کچرے کے ڈھیروں سے علاقے میں شدید تعفن پھیل گیا ہے

کئی مقامات پر آلائشیں اور جانوروں کی باقیات کھلے عام پڑی ہوئی ہیں

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) عیدالاضحی کے آٹھ روز گزر جانے کے باوجود کوئٹہ کے نواحی علاقے سریاب کے مختلف علاقوں میں قربانی کے جانوروں کی آلائشیں اور کچرے کے ڈھیر تاحال موجود ہیں، جس کے باعث علاقے میں شدید تعفن پھیل گیا ہے اور شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ آلائشوں کی بروقت تلفی نہ ہونے سے نہ صرف ماحول آلودہ ہو رہا ہے بلکہ مختلف متعدی بیماریوں کے پھیلنے کے خدشات بھی بڑھ گئے ہیں۔ متاثرہ علاقوں کے مکینوں نے متعلقہ اداروں، میونسپل حکام سے صفائی کی ہنگامی کارروائی شروع کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق عیدالاضحی کے موقع پر کوئٹہ شہر اور نواحی علاقوں میں صفائی ستھرائی اور قربانی کے جانوروں کی آلائشوں کو بروقت ٹھکانے لگانے کے لیے مختلف اقدامات اور دعوے کیے گئے تھے، تاہم سریاب کے متعدد علاقوں میں صورتحال اس کے برعکس دکھائی دے رہی ہے۔ مقامی افراد کے مطابق عید کے پہلے دن سے لے کر اب تک کئی مقامات پر آلائشیں اور جانوروں کی باقیات کھلے عام پڑی ہوئی ہیں جنہیں ہٹانے کے لیے موثر اقدامات نہیں کیے گئے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ شدید گرمی کے موسم میں کھلے مقامات پر پڑی آلائشیں تیزی سے گل سڑ رہی ہیں، جس کی وجہ سے پورے علاقے میں ناگوار بدبو پھیل گئی ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا کہ صفائی کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے اور ایسے مواقع پر خصوصی مانیٹرنگ کا انتظام کیا جائے تاکہ آئندہ اس قسم کی صورتحال پیدا نہ ہو۔ متاثرہ علاقوں کے مکینوں، سماجی کارکنوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے ضلعی انتظامیہ، میونسپل کارپوریشن اور دیگر متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ سریاب کے مختلف علاقوں میں فوری طور پر صفائی مہم شروع کی جائے، قربانی کے جانوروں کی باقی ماندہ آلائشوں اور کچرے کو ہنگامی بنیادوں پر ٹھکانے لگایا جائے، آوارہ کتوں کی موجودگی کے مسئلے کو حل کیا جائے اور علاقے کو تعفن اور آلودگی سے پاک کرنے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔ بروقت کارروائی نہ ہونے کی صورت میں صحت اور ماحولیات سے متعلق مسائل مزید سنگین ہو سکتے ہیں، اس لیے عوامی مفاد میں فوری اور عملی اقدامات ناگزیر ہیں


Century Express Quetta


## سریاب میں 20 گھنٹوں کی لوڈشیڈنگ سے عوام پریشان

بھاری بجر کم ادائیگیوں کے باوجود بجلی میسر نہیں: پی کے نیپ کوئٹہ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ نے اپنے جاری بیان میں کیسکو کی جانب سے کوئٹہ بالخصوص سریاب کے مختلف علاقوں اور فیڈر نمبر 2 میں روزانہ 20، 20 گھنٹے کی طویل، غیر اعلانیہ اور ناقابل برداشت لوڈشیڈنگ کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ واپڈا اور کیسکو کی نااہل، غیر ذمہ دار اور عوام دشمن پالیسیوں نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ شدید گرمی میں طویل لوڈشیڈنگ نے عوام کو شدید ذہنی اذیت اور روزمرہ زندگی میں بے شمار پریشانیوں سے دوچار کر دیا ہے۔ بجلی کی مسلسل بندش کے باعث بچوں، بزرگوں، مریضوں، طلبہ اور روزانہ مزدوری کرنے والے افراد کی زندگی بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ عوام بھاری بجر کم بجلی کے بلوں اور مختلف ناجائز ٹیکسوں کی ادائیگی کے باوجود بجلی جیسی بنیادی سہولت سے محروم ہیں، جبکہ متعلقہ حکام اور انتظامیہ صورتحال کے تدارک کے بجائے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا کہ کوئٹہ خصوصاً سریاب اور دیگر متاثرہ علاقوں میں غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ کا سلسلہ فوری طور پر ختم کیا جائے اور عوام کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 03 JUN 2026 Page No. 22

# بلوچستان کے دارالخلافہ کوئٹہ کو جدید اور مثالی شہر بنانے کیلئے اقدامات وقت کی اشد ضرورت

کوئٹہ کے تاریخی تشخص، بڑھتی ہوئی آبادی اور جغرافیائی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کو ماڈل شہر بنانا وقت کی ضرورت ہے۔ موثر اربن پلاننگ، پانی کی قلت کے مستقل حل، زلزلہ سے محفوظ تعمیرات اور جدید ٹریفک نظام کے ذریعے صوبے کے اس اہم ترین مرکز کو ایک جدید اور مثالی شہر بنایا جاسکتا ہے۔ کوئٹہ کو ماڈل شہر بنانے کیلئے جامع ماسٹر پلاننگ کا نفاذ، شہر کو بے ہنگم پھیلاؤ سے بچانے اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے ایک مستقل اور جدید اربن ماسٹر پلان کی اشد ضرورت ہے۔ اس سے غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کے پھیلاؤ کو روکا جاسکتا ہے۔ شہر میں پانی کی قلت کے مستقل حل کیلئے شہر کو یومیہ اندازاً 150 ملین گیلن پانی کی ضرورت ہے لیکن سپلائی اس کا ایک تہائی بھی نہیں۔ ماڈل سٹی بنانے کے لیے زیر زمین پانی کے تحفظ، ڈیمز کی تعمیر، اور پانی کی ترسیل کے فرسودہ نظام کو بدلنا اولین ترجیح ہونا چاہیے۔ کوئٹہ زلزلہ خیز زون میں واقع ہے، اس لیے ایک ماڈل شہر کے طور پر عمارتوں کے معیار، بلڈنگ کوڈ پر سختی سے عمل درآمد کروانا ضروری ہے تاکہ کسی بھی قدرتی آفت کے وقت جانی و مالی نقصان کو کم سے کم کیا جاسکے۔ شہر کی تنگ سڑکوں پر ٹریفک کے دباؤ کو کم کرنے کے لیے ماس ٹرانزٹ سسٹم، بائی پاسز کی تعمیر، اور ٹریفک سگنلز کو جدید کمپیوٹرائزڈ نظام سے منسلک کرنا بھی ضروری ہے۔ نکاسی آب اور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ شہر سے یومیہ ہزاروں ٹن کچرا اٹھانے کے لیے جدید مشینری اور عوامی تعاون پر مبنی نظام کی ضرورت ہے۔ اس کے علاوہ سیوریج کے پانی کو تلف کرنے کے لیے جدید پلانٹس کا قیام بھی ماحول دوست شہر کے لیے لازمی ہے۔ جدید انفراسٹرکچر کی فراہمی سے یہ شہر تجارتی سرگرمیوں کا ایک بہترین اور محفوظ مرکز بھی بن سکتا ہے۔ کوئٹہ شہر کو جدید ماڈل اور ماضی کی لٹل پیرس بنانے کیلئے ضروری ہے کہ شہری ترقی کیلئے صوبائی حکومت کی جانب سے بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کی جائے جو موجودہ حالات کا تقاضہ ہے۔ کوئٹہ شہر مسائل کا گڑھ بن چکا ہے، آبادی کے تناسب سے مستقل منصوبہ بندی ناگزیر ہوچکی ہے۔ پانی کی قلت، سیوریج کا جدید نظام نہ ہونا، کچرے کے ڈھیر، بے ہنگم ٹریفک، شاہراہیں، پل، انڈر پاسز کی تعمیر، جدید ٹرانسپورٹ کا نظام، غیر قانونی عمارتوں کی تعمیر روکنا، تجاوزات کا خاتمہ ضروری ہے، شجرکاری مہم ضروری ہے، درختوں کے کاٹنے پر سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ان اقدامات سے کوئٹہ شہر کے مسائل نہ صرف حل ہونگے بلکہ شہر کی خوبصورتی بحال ہوگی شہریوں کے دیرینہ مسائل حل ہونگے اور سیاحت کو بھی فروغ ملے گا۔ امید ہے کہ صوبائی حکومت کوئٹہ شہر کی خوبصورتی کی بحالی سمیت مسائل کے حل کیلئے سنجیدگی سے اقدامات اٹھائے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

6

Daily: MEEZAN QUETTA

03 JUN 2026

Page No. 23

# آئندہ بجٹ میں نوجوانوں کیلئے خصوصی ایجنڈے پر غور!

اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ نوجوان مستقبل کے معمار ہوتے ہیں کیونکہ آگے چل کر ان ہی نے ملک کی بھاگ دوڑ سنبھالنی ہوتی ہے اس لیے ان پر خصوصی توجہ دینے کی اشد ضرورت ہے نوجوانوں کو تعلیم اور اس کے بعد اس کے روزگار کیلئے اقدامات کرنا ہوتے ہیں لیکن بدقسمتی سے ہمارے ہاں نوجوانوں کی ایک بہت بڑی تعداد تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود بے روزگار ہے جس کی وجہ سے وہ مایوسی کا شکار ہیں۔ اس لیے ان کی حوصلہ افزائی بہت ضروری ہے ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

گزشتہ روز گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمنٹیرینز سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنی پوشیدہ صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔ ہم نے آئندہ سالانہ بجٹ 2026-27ء میں بلوچستان کے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کے لیے خصوصی طور پر ایک تبدیلی کے ایجنڈے پر توجہ مرکوز کر رکھی ہیں۔ ہم نوجوانوں کو مستقبل کے معمار اور حال کی تعمیر و ترقی میں شراکت داروں کے طور پر نوجوانوں کے اہم کردار کو تسلیم کرتے ہیں۔ ہمیں صوبے میں موجود شدید غربت اور بیروزگاری کو مدنظر رکھتے ہوئے اس دفعہ ملازمتوں کے نئے مواقع فراہم کرنا ہیں۔ خاص طور پر صوبے میں نوجوانوں میں بڑھتی ہوئی بیروزگاری سے نمٹنے کیلئے نیا پروگرام ڈیزائن کیا گیا ہے تاکہ ہزاروں نوجوانوں کو باعزت روزگار اور جدید کیریئر کے راستوں تک رسائی حاصل ہو۔ انہوں نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمنٹیرینز پر زور دیا کہ وہ فوری روزگار فراہم کرنے والے پروگرامز پر توجہ دیں۔ صرف بولان میڈیکل یونیورسٹی میں ہم نے دس سے زائد میڈیکل کورسز اور ڈپلومہ پروگرامز شروع کئے ہیں۔ جن کو مکمل کرنے کے فوراً بعد نوجوانوں کو روزگار ملیں گے۔ گورنر بلوچستان نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنی حب الوطنی کو آگے بڑھائیں اور ملکی تعمیر و ترقی میں فعال کردار ادا کریں۔ بلوچستان کے نوجوانوں کی مناسب تعلیم و تربیت اور انہیں بااختیار بنا کر ہم ایک ایسے مستقبل کو یقینی بنائیں گے جو نہ صرف تعلیم یافتہ ہو کر بلکہ متحرک، موثر اور اکیسویں صدی کے جدید تقاضوں کے مطابق زندگی کے مختلف شعبوں میں قیادت کیلئے بھی تیار ہوں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا مذکورہ بیان بہت بڑی اہمیت کا حامل ہے جس میں انہوں نے نوجوانوں کے مسائل کے بارے تفصیل سے بات کی ہے جو کہ قابل تعریف ہے کیونکہ انہوں نے اس میں حقیقت پر مبنی باتیں کی ہیں جو کہ نوجوانوں کے بہترین مفاد میں ہیں اس وقت بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے ایسے ہی اقدامات کرنا ناگزیر ہیں اس میں کوئی شک نہیں کہ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں قائم مخلوط صوبائی حکومت اس ضمن میں اقدامات کر رہی ہے جن میں نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد کو ہنر مند بنانے کے لیے بیرون ملک بھجوانے کے ساتھ ان کو مزید سہولتیں فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں اور جن کے مثبت نتائج برآمد ہوں گے کیونکہ وہ خواتین کی فلاح و بہبود کے لیے بھی کوشاں ہیں ان کے لیے بھی متعدد اقدامات کیے جا چکے ہیں۔ یہ بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے ان کی دلی لگاؤ کا ثبوت ہے کہ وہ نوجوانوں کے لیے ایک آواز بنے ہیں۔ یہاں اس بات کا ذکر کرنا ضروری ہے کہ حکومت بلوچستان کو مختلف محکموں میں خالی آسامیوں پر بھی فوری طور پر ملازمتیں دینی چاہئیں۔ جس سے ایک جانب بیروزگاری کم ہوگی جبکہ دوسری جانب ان نوجوانوں کا حوصلہ بلند ہوگا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 03 JUN 2026

Page No. 24

## بلوچستان، پیٹرول نایاب۔۔ ایرانی پٹرول مہنگا۔۔ شہری دوہرے عذاب کا شکار

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پیٹرول کی قلت اور ایندھن کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے عوام کی مشکلات میں غیر معمولی اضافہ کر دیا ہے۔ سرکاری اور نجی پٹرول پمپوں پر سپلائی میں کمی کے باعث شہری طویل قطاروں میں کھڑے ہونے پر مجبور ہیں، جبکہ غیر قانونی طور پر فروخت ہونے والے ایرانی پٹرول کی قیمت 300 سے 380 روپے فی لیٹر تک پہنچ جانے سے متوسط اور کم آمدنی والے طبقے کی پریشانی مزید بڑھ گئی ہے۔ روزگار، کاروبار، تعلیم اور روزمرہ زندگی کے دیگر معاملات براہ راست متاثر ہو رہے ہیں، جس کے باعث عوامی بے چینی میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ بلوچستان جغرافیائی لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے جہاں آمد و رفت اور نقل و حمل کے لیے موٹر سائیکلوں، گاڑیوں اور پبلک ٹرانسپورٹ پر انحصار زیادہ ہے۔ کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں پیٹرول کی قلت صرف ایک وقتی مسئلہ نہیں بلکہ یہ انتظامی کمزوریوں، سپلائی چین میں رکاوٹوں اور توانائی کے شعبے میں موجود خامیوں کی عکاسی بھی کرتی ہے۔ جب سرکاری ذرائع سے ایندھن کی فراہمی متاثر ہوتی ہے تو غیر رسمی اور غیر قانونی مارکیٹیں فعال ہو جاتی ہیں، جہاں قیمتوں کا تعین طلب و رسد کے بجائے منافع خوری کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ ایرانی پٹرول کئی برسوں سے بلوچستان کے بعض علاقوں میں استعمال ہوتا رہا ہے، کیونکہ سرحدی قربت کے باعث یہ نسبتاً سستا اور آسانی سے دستیاب ہوتا تھا۔ تاہم حالیہ قلت کے دوران اسی پٹرول کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ بحران کے وقت ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی بھی ایک سنگین مسئلہ بن جاتی ہے۔ عام شہری جو پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی دباؤ کا شکار ہیں، اب ایندھن کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کا اضافی بوجھ بھی برداشت کرنے پر مجبور ہیں۔ پیٹرول بحران کے اثرات صرف گاڑی مالکان تک محدود نہیں رہتے۔ جب ایندھن مہنگا یا نایاب ہو جاتا ہے تو ٹرانسپورٹ کے کرائے بڑھ جاتے ہیں، اشیائے خورونوش کی ترسیل متاثر ہوتی ہے اور کاروباری سرگرمیوں کی لاگت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اس کے نتیجے میں مہنگائی کی ایک نئی لہر جنم لیتی ہے جس کا سب سے زیادہ نقصان عام اور غریب طبقے کو اٹھانا پڑتا ہے۔ کوئٹہ میں بھی یہی صورتحال دیکھنے میں آ رہی ہے جہاں روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں پر اس بحران کے اثرات مرتب ہونا شروع ہو چکے ہیں۔ یہ صورتحال متعلقہ اداروں اور حکومت کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ اگر پیٹرول کی قلت سپلائی میں رکاوٹ کی وجہ سے پیدا ہوئی ہے تو فوری بنیادوں پر متبادل انتظامات کیے جانے چاہئیں۔ اگر مسئلہ ذخیرہ اندوزی یا مصنوعی قلت کا ہے تو اس کے ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت کارروائی ناگزیر ہے۔ عوام یہ توقع رکھتے ہیں کہ حکومت نہ صرف بحران پر قابو پائے بلکہ ایسے حالات کی دوبارہ روک تھام کے لیے مؤثر اور دیرپا حکمت عملی بھی وضع کرے۔ بلوچستان جیسے وسیع اور حساس صوبے میں ایندھن کی مسلسل اور بلا تعطل فراہمی قومی اہمیت کا معاملہ ہے۔ صوبے کی اقتصادی سرگرمیاں، معدنی وسائل کی نقل و حمل، تجارتی سرگرمیاں اور عوامی زندگی سب اسی سے جڑی ہوئی ہیں۔ لہٰذا ضروری ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں مل کر پیٹرولیم مصنوعات کی فراہمی کے نظام کا جامع جائزہ لیں اور ایسے اقدامات کریں جن سے مستقبل میں کسی بھی قسم کی قلت یا بحران کا خطرہ کم سے کم ہو سکے۔ اس موقع پر یہ حقیقت بھی نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ بلوچستان کے عوام طویل عرصے سے بنیادی سہولیات کے مختلف مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔ ایسے میں پیٹرول بحران نے ان کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ حکومت کو فوری، شفاف اور مؤثر اقدامات کے ذریعے عوامی اعتماد بحال کرنا ہوگا تاکہ شہریوں کو یہ یقین ہو کہ ان کے مسائل کے حل کے لیے ریاستی ادارے سنجیدگی سے کام کر رہے ہیں۔ کوئٹہ میں پیٹرول کی قلت محض ایندھن کا مسئلہ نہیں بلکہ یہ عوامی زندگی، معیشت اور انتظامی کارکردگی سے جڑا ہوا معاملہ ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہنگامی بنیادوں پر سپلائی بحال کی جائے، ناجائز منافع خوری کا خاتمہ کیا جائے اور ایک ایسا نظام تشکیل دیا جائے جو مستقبل میں عوام کو اس نوعیت کے بحرانوں سے محفوظ رکھ سکے۔ عوام کو ریلیف دینا اور بنیادی ضروریات کی دستیابی یقینی بنانا ہی کسی بھی ذمہ دار حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔